سوال

(341) دیوبندی مذہب کس نے ایجاد کیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سوال :... دیوبندی مذہب کس نے ایجاد کیا۔ اسی مذہب والے امام کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں۔ امام رفع یدین نہ کرے تو کیا مقتدی کر سکتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دیوبندی دراصل سیدنا امام ابو حنیفہ رحمة اللہ علیہ کے مقلد ہیں یہ کوئی الگ اور نیا مسلک نہیں ہے دیوبند شہر (انڈیا) میں اب بھی دینی مدرسہ ہے جو طلباء وہاں سے فارغ ہوتے ہیں وہ فاضل کہلاتے ہیں جو لوگ دیوبند علماء کرام سے تعلق رکھتے ہیں دیوبندی کہلاتے ہیں یہ فرقہ خود کو حنفی سنی کہلاتا ہے ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھ لینی چاہیے رفع یدین کرنی چاہیے اور آمین بھی اونچی کہہ لینی چاہیے امام کی اطاعت اس کے حسب حکم پیچھے پیچھے رکوع وسجود وغیرہ کرنے میں ہے تلاوت ادعیہ تسبیحات بسا اوقات کچھ امام پڑھ رہا ہوتا ہے مقتدی کچھ پڑھتا ہے کیونکہ نمازمیں کئی قسم کے اذکار مسنون ہیں۔

(اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۱۵ شمارہ نمبر ۱۹)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 244-245

محدث فتویٰ